# سوال

(599)زیدو بکر علاقی بھائی ہیں۔ والد فوت ہوا جب     لخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زیدو بکر علاقی بھائی ہیں۔ والد فوت ہوا جب کہ بکر خوردسال تھا۔ زید نے اس کی پرورش کی اور شادی کی مکان پدری کو زید نے اپنی کمائی سے پختہ تعمیر کیا۔ بلوغت پر بکر پختہ مکان کی حیثیت سے نصف قیمت اپنے حصے کی طلب کرتا ہے۔ لیکن زید قیمت اس قدر دینا چاہتا ہے۔ کہ جتنی حیثیت والد مرحوم کی وفات پر تھی۔ بکر نے اپنی کمائی سے کبھی ایک پسہ زید کو نہیں دیا۔ شرعی فیصلہ کیا ہے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

زید کا قول صحیح ہے۔ آیت قرآنی لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ ۷ سورة النساء

میں والدین کے اس مال سے اولاد کو حصہ قرار دیا ہے جو بوقت موت مورث چھوڑ جائے

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص562